سوال

(502)قومی بچت سکیموں سے نفع

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا قومی بچت سکیموں سے نفع حاصل کرنا جائز ہے۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بعض اہل علم کا خیال ہے کہ P.L.S اکاؤنٹ نفع ونقصان کی بنیاد پر مضاربت کی ایک جائز صورت ہے، اس کے علاوہ باقی اکاؤنٹس میں ماہانہ یا سالانہ فکس منافع دیا جاتا ہے، جو کہ ناجائز ہے اور سود ہے۔ آپ کو چاہئیے کہ P.L.S اکاؤنٹ میں اپنی رقم جمع کروائیں۔ لیکن ہماری رائے یہ ہے کہ بینک کے سودی ہونے کی وجہ سے بینک کے ساتھ کسی بھی قسم کا لین دین کرنے سے اجتناب کرنا چاہیئے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

کتاب الصلاۃ جلد 1